عقائد از کتابِ مقدس

بسلسلہ بائبلی عقائد واقرار الایمان

☆☆☆☆☆

1۔ استثنا 4:6

سُن اے اسرائیل! خداوند ہمارا خدا ایک ہی خداوند ہے۔

2۔ 1 سلاطین 39:18

جب سب لوگوں نے یہ دیکھا تو منہ کے بل گرے اور کہنے لگے خداوند وہی خدا ہے! خداوند وہی خدا ہے!

3۔ متی 16:16

شمعون پطرس نے جواب میں کہا تُو زندہ خدا کا بیٹا مسیح ہے۔

4۔ متی 19:28

پس تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو۔

5۔ یوحنا 49:1

نتن ایل نے اُس کو جواب دیا اے ربی! تو خدا کا بیٹا ہے۔ تو اسرائیل کا بادشاہ ہے۔

6۔ یوحنا 6:68-69

شمعون پطرس نے اُسے جواب دیا اے خداوند! ہم کس کے پاس جائیں؟ ہمیشہ کی زندگی کی باتیں تو تیرے ہی پاس ہیں۔ اور ہم ایمان لائے اور جان گئے ہیں کہ خدا کا قدوس تُو ہی ہے۔

7۔ یوحنا 28:20

توما نے جواب میں اُس سے کہا اے میرے خداوند! اے میرے خدا!

8۔اعمال8:36-37

اور راہ میں چلتے چلتے کسی پانی کی جگہ پر پہنچے۔خوجہ نے کہا دیکھ پانی موجود ہے۔اب مجھے بپتسمہ لینے سے کون سی چیز روکتی ہے؟ [پس فلپس نے کہا کہ اگر تُو دل وجان سے ایمان لائے تو بپتسمہ لے سکتا ہے۔اُس نے جواب میں کہا میں ایمان لاتا ہوں کہ یسوع مسیح خدا کا بیٹا ہے۔]

9۔اعمال16:31

انہوں نے کہا خداوند یسوع پر ایمان لا تو تُو اور تیرا گھرانا نجات پائے گا۔

10۔1 کرنتھیوں8:6

لیکن ہمارے نزدیک تو ایک ہی خدا ہے یعنی باپ جس کی طرف سے سب چیزیں ہیں اور ہم اُسی کے لئے ہیں اور ایک ہی خداوند ہے یعنی یسوع مسیح جس کے وسیلہ سے سب چیزیں موجود ہوئیں اور ہم بھی اُسی کے وسیلہ سے ہیں۔

11۔1 کرنتھیوں12:3

پس میں تمہیں جتاتا ہوں کہ جو کوئی خدا کے روح کی ہدایت سے بولتا ہے وہ نہیں کہتا کہ یسوع ملعون ہے اور نہ کوئی روح القدس کے بغیر کہہ سکتا ہے کہ یسوع خداوند ہے۔

12۔1 کرنتھیوں15:3-7

چنانچہ میں نے سب سے پہلے تم کو وہی بات پہنچادی جو مجھے پہنچی تھی کہ مسیح کتاب مقدس کے مطابق ہمارے گناہوں کے لئے مؤا۔اور دفن ہوا اور تیسرے دن کتاب مقدس کے مطابق جی اُٹھا۔اور کیفا کو اور اُس کے بعد اُن بارہ کو دکھائی دیا۔پھر پانچ سو سے زیادہ بھائیوں کو ایک ساتھ دکھائی دیا۔جن میں سے اکثر اب تک موجود ہیں اور بعض سو گئے۔پھر یعقوب کو دکھائی دیا۔پھر سب رسولوں کو۔

13۔فلپیوں 2:6-11

اُس نے اگرچہ خدا کی صورت پر تھا خدا کے برابر ہونے کو قبضہ میں رکھنے کی چیز نہ سمجھا۔ بلکہ اپنے آپ کو خالی کر دیا اور خادم کی صورت اختیار کی اور انسانوں کے مشابہ ہو گیا۔ اور انسانی شکل میں ظاہر ہو کر اپنے آپ کو پست کر دیا اور یہاں تک فرماں بردار رہا کہ موت بلکہ صلیبی موت گوارا کی۔ اِسی واسطے خدا نے بھی اُسے بہت سر بلند کیا اور اُسے وہ نام بخشا جو سب ناموں سے اعلیٰ ہے۔ تاکہ یسوع کے نام پر ہر ایک گھٹنا جھکے۔ خواہ آسمانیوں کا ہو خواہ زمینیوں کا۔ خواہ اُن کا جو زمین کے نیچے ہیں۔ اور خدا باپ کے جلال کے لئے ہر ایک زبان اقرار کرے کہ یسوع مسیح خداوند ہے۔

14۔1 تیمتھیس 3:16

اِس میں کلام نہیں کہ دِین داری کا بھید بڑا ہے یعنی وہ جسم میں ظاہر ہوا اور روح میں راست باز ٹھہرا اور فرشتوں کو دکھائی دیا اور غیر قوموں میں اُس کی منادی ہوئی اور دُنیا میں اُس پر ایمان لائے اور جلال میں اُوپر اُٹھایا گیا۔

15۔عبرانیوں 6:1-2

پس آؤ مسیح کی تعلیم کی ابتدائی باتیں چھوڑ کر کمال کی طرف قدم بڑھائیں اور مُردہ کاموں سے توبہ کرنے اور خدا پر ایمان لانے کی۔ اور بپتسموں اور ہاتھ رکھنے اور مُردوں کے جی اُٹھنے اور ابدی عدالت کی تعلیم کی بنیاد دوبارہ نہ ڈالیں۔

16۔1 یوحنا 4:2

خدا کے روح کو تم اِس طرح پہچان سکتے ہو کہ جو کوئی رُوح اِقرار کرے کہ یسوع مسیح مُجسم ہو کر آیا ہے وہ خدا کی طرف سے ہے۔

☆☆☆☆☆

ستلج ریفارمڈ تھیالوجیکل سیمنری

ریفارمڈ چرچ آف پاکستان

ویب سائٹ

www.rcofp.com